## وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں الطاف حسین سے ملاقات

### ایم کیوایم، پیپلزپارٹی تعلقات، حیدرآباد ضلع کی حیثیت، مختلف سیاسی معاملات سمیت مجموعی صورتحال پر تفصیلی بات چیت

### حیدرآباد ضلع کی موجودہ حیثیت برقراررہے گی۔رحمٰن ملک کی صدر آصف زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے الطاف حسین کو یقین دہانی

### تمام معاملات دونوں جماعتوں کی کورکمیٹیوں میں باہمی صلاح مشورے اورافہام وتفہیم سے حل کئے جائیں گے۔رحمٰن ملک

### ہم آج بھی یہی چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم پیپلزپارٹی کا یہ اتحاد قائم رہے، موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرے۔الطاف حسین

### کچھ عناصر مسلسل یہ کوششیں کررہے ہیں کہ اتحاد ٹوٹ جائے، ایسے عناصر نہ پیپلزپارٹی کے دوست ہیں اورنہ جمہوریت کے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 11 مئی 2010ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ملاقات تقریباً چار گھنٹے تک جاری رہی جس کے دوران ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی تعلقات، حیدرآباد ضلع کی حیثیت کے معاملے، مختلف سیاسی معاملات سمیت ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔اس موقع پر گفتگوکرتے ہوئے وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے صدر آصف زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ حیدرآباد ضلع کی موجودہ حیثیت برقراررہے گی۔رحمٰن ملک نے کہا کہ ایم کیوایم ہماری اتحادی جماعت ہے، اسے نظرانداز نہیں کیا جائے گا، ایم کیوایم کو ہر قیمت پر ساتھ لیکر چلیں گے اورتمام معاملات دونوں جماعتوں کی کورکمیٹیوں میں باہمی صلاح مشورے اورافہام وتفہیم سے حل کئے جائیں گے۔جناب الطاف حسین نے اس موقع پر گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے جمہوریت کی بقاء کیلئے خلوص نیت کے ساتھ پیپلزپارٹی سے غیرمشروط اتحاد کیا تھا، ہم آج بھی یہی چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم پیپلزپارٹی کا یہ اتحاد قائم رہے، موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرے اورجمہوری عمل کو کوئی نقصان نہ پہنچے لیکن کچھ عناصر مسلسل یہ کوششیں کررہے ہیں کہ یہ اتحاد ٹوٹ جائے، ایسے عناصر نہ تو پیپلزپارٹی کے دوست ہیں اورنہ ہی جمہوریت کے دوست ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ملک کے استحکام اور جمہوریت کی بقاء کی خاطر تمام تر معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے اورایسا کوئی بھی عمل نہ کیا جائے جس سے دونوں جماعتوں کے اتحاد اور جمہوریت کو نقصان پہنچے۔وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ دونوں جماعتوں کے تعلقات کو خراب کرنے کی ہرکوشش کو ناکام بنادیا جائے گا اوردونوں جماعتوں کے اتحاد کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔بات چیت میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں جماعتیں جمہوریت کی بقاء کیلئے آپس میں ملکر کام کرتی رہیں گی۔بات چیت کے آغاز میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد بھی شریک تھے جسکے بعد جناب الطاف حسین اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کے درمیان ون ٹوون ملاقات بھی ہوئی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین اورارکان رابطہ کمیٹی نے رحمٰن ملک سے ان کی خوشدامن کے انتقال پر تعزیت کی اورمرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## ہزارہ قومی جرگہ کے وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔11 مئی 2010ء

ہزارہ قومی جرگہ کے چیئرمین سید وقار حسین شاہ کی سربراہی میں تین رکنی وفد نے پیر کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل میں متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اورسیف یارخان سے ملاقات کی اوران سے ملک کی سیاسی صورتحال خصوصاً صوبہ ہزارہ ڈویژن کے مسائل اوروہاں کے عوام میں پائی جانے والی مایوسی وبے چینی سے آگاہ کیا اورباہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔مہمان وفد کے ارکان نے ہزارہ ڈویژن کے مسائل کے حل اورعوام کی امنگوں کے مطابق ہزارہ صوبہ کے مطالبہ پر آوازحق بلند کرنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا۔رابطہ کمیٹی نے وفد کو ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اورکہا کہ ایم کیوایم مضبوط پاکستان کیلئے کوشاں ہے اورچاہتی ہے کہ پاکستان میں تمام قومیتوں، اکائیوں اورمذاہب کے افراد کو ان کے جائز حقوق میسر ہوں۔رابطہ کمیٹی نے مہمان وفد کو کراچی میں ترقیاتی کاموں کی تفصیل سے بھی آگاہ کیا۔اس موقع پر متحدہ آرگنائزرنگ کمیٹی اورکراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے شہریوں کو اضافی بل بھیجنے کا نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔11 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے کراچی کے شہریوں کو اضافی بل بھیجنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اضافی بل بھیجنے کا عمل بند کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھانے کے بجائے الٹا کراچی کے شہریوں کو بھاری بلنگ کی مد میں اضافی بوجھ بڑھا رہی ہے جو کراچی کے شہریوں کے ساتھ سراسر ظلم و زیادتی اور ناانصافی ہے جسے کراچی کے شہری کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو ملازمین شہریوں کو اضافی بل بھیجنے میں رکاوٹ بن رہے ہیں انہیں کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے نوکریوں سے برخاست کرنے کی دھمکیاں دی جارہی ہے جبکہ متعدد افسران کو پہلے ہی نوکریوں سے برطرف کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب کراچی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث صنعتی و تجارتی سرگرمیاں بھی تیزی سے ختم ہورہی ہیں اور شہری شدید گرمی میں بلبلا رہے ہیں جبکہ دوسری جانب شہری بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ شہریوں کو اضافی بل بھیجنے کے بجائے بجلی کی لوڈشیڈنگ کو ختم کرتی اور بجلی کی پیداوار میں اضافہ کرتی تاکہ شہریوں کی مشکلات و پریشانیوں کا خاتمہ ممکن ہوتا اور صنعتی و تجارتی سرگرمیوں کو عروج ملتا۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے شہریوں کو اضافی بلنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور بجلی کی لوڈشیڈنگ پر قابو نہ پانے پر کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ سے باز پرس کی جائے۔

## ماں کا سایہ نعمت خداوندی ہے، خورشید بیگم کی تربیت قوم کیلئے مشعل راہ ہے، کشور زہرہ
## مدرڈے کے موقع پر شعبہ خواتین کے تحت یوم ماں کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔11 مئی 2010ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی و ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ کشور زہرہ نے کہا کہ ماں کا سایہ نعمت خداوندی ہے ہمیں چاہیئے کہ ماں کی قدر کریں۔ ان خیالات اظہار انہوں نے مدرڈے کے عالمی دن کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام ''یوم ماں'' کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شعبہ خواتین کے زیراہتمام گزشتہ روز ماؤں کا عالمی دن منایا گیا اس سلسلے میں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں شعبہ خواتین کی کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کشور زہرہ نے کہا کہ ماں کی رشتہ ایسا رشتہ ہے جس کا دنیا میں کوئی انمول بدل نہیں دنیا میں بے لوث اور بے غرض رشتہ صرف اور صرف ماں کا رشتہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی انسان کی کامیابی میں ان کی ماں کی تربیت کا اثر ہوتا ہے جس طرح ایک عمارت کی مضبوطی اس کی بنیادوں میں مضمر ہوتی ہے اسی طرح ہر کامیاب انسان کے پس پردہ اس کی ماں کی تربیت اور تعلیم ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نپولین کا قول ہے کہ ''تم مجھے اچھی مائیں دو میں تمہیں اچھی قوم دونگا'' انہوں نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ محترمہ خورشید بیگم کی اعلیٰ تربیت نے الطاف حسین کو اتنے مضبوط کردار کا مالک بنادیا ہے وہ حق اور سچ پر ڈٹ گئے اور آج پوری قوم کی ذمہ داری قائد تحریک الطاف حسین کے کاندھوں پر ہے۔ تقریب سے شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے بھی خطاب کیا اور ماؤں کی عظمت و وقار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 119 کے کارکن محمد شوکت کی والدہ محترمہ سعید النساء، ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن نعمان صدیقی کی والدہ محترمہ رضیہ خاتون، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن غلام نبی کی والدہ محترمہ شکورن بیگم اور ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 138 کے کارکن عرفان عثمانی کی ہمشیرہ شاہین سلطانہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے (آمین)

## انسانیت کی خدمت ایک عظیم عبادت ہے اور ایم کیوایم اپنے قائد کے فکر وفلسفے پر چلتے ہوئے اس عظیم مشن کو جاری رکھے گی ۔ پروین اختر

لاہور۔۔۔۔۔11 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زونل کمیٹی کی جوائنٹ انچارج محترمہ پروین اختر نے لاہور زونل کمیٹی کے ذمہ داران کے ہمراہ فاطمہ میموریل ہسپتال کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی طرف سے مریضوں کے لئے ہسپتال انتظامیہ کو بڑی مقدار میں ادویات عطیہ کیں۔محترمہ پروین اختر نے اسپتال کے مختلف وارڈ کا دورہ بھی کیا اور مریضوں کی عیادت کر کے انہیں گلدستے پیش کئے ۔اس موقع پر پروین اختر نے کہا کہ انسانیت کی خدمت ایک عظیم عبادت ہے اور متحدہ قومی موومنٹ اپنے قائد جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے پر عمل کرتے ہوئے دکھی انسانیت کی خدمت کے اس عظیم عمل کو جاری رکھے گی ۔اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ نے ایم کیوایم کے قائد کی جانب سے مریضوں کے لئے بھیجی جانے والی ادویات کا خیر مقدم کیا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر مریضوں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے انسانیت کی فلاح بہبود کے اس عمل کو سراہا اور ان کی درازیِ عمر کے لئے دعا کی ۔

☆☆☆☆☆